NJ FAMILY CARE

کے ممبران توجہ فرمائیں

تجدید کرانے کی دھوکہ دہی سے ہوشیار رہیں۔ دیگر ریاستوں سے یہ اطلاعات مل رہی ہیں کہ ممبران کو ایسے غیر قانونی پیغامات موصول ہو رہے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ وہ Medicaid ایجنسی کی جانب سے بھیجے گئے ہیں۔ دھوکے باز افراد فون، ٹیکسٹ یا ای میل کا استعمال کرتے ہوئے کسی قانونی تنظیم یا سرکاری ایجنسی کی جانب سے ہونے کا جھوٹا دعویٰ کر سکتے ہیں – مگر ان کا مقصد آپ کو مالی نقصان پہنچانا ہے۔

NJ FamilyCare اور اس کے صحت کے منصوبے ممبران کو متنی پیغامات بھیجتے ہیں، مگر ہم ***کبھی بھی*** مندرجہ ذیل کام نہیں کریں گے:

- **اندراج یا دوبارہ اندراج کرنے کے لیے افراد سے رقم چارج کرنا یا اس کا مطالبہ کرنا۔**
- **قانونی کارروائی کرنے یا آپ کا بینک اکاؤنٹ ضبط کرنے کی دھمکی دینا۔**
- **گفٹ کارڈ، پیشگی ادا شدہ ڈیبٹ کارڈ، انٹرنیٹ کرنسی یا میل کیش کے ذریعے ادائیگی کا مطالبہ کرنا۔**
- **ذاتی معلومات کے لیے کسی پر دباؤ ڈالنا یا رازداری کا مطالبہ کرنا۔**

کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ بینکنگ یا کریڈٹ کارڈ کی معلومات کا اشتراک مت کریں جو آپ کو کال کر کے اس بات کا دعویٰ کرے کہ وہ NJ FamilyCare، محکمہ برائے انسانی خدمات، طبی امداد اور صحت کی خدمات کی ڈویژن یا آپ کے NJ FamilyCare کے صحت کے منصوبے کا/کی نمائندہ ہے۔

ہمیں 1-800-701-0710 (TTY: 711) پر کال کرنے سے بالکل نہ ہچکچائیں یا مدد کے لیے www.njfamilycare.org ملاحظہ کریں۔

NJ FAMILY CARE

محکمہ برائے انسانی خدمات
سارہ ایڈل مین (Sarah Adelman)، کمشنر

HUMAN SERVICES

ریاستِ نیو جرسی
فل مرفی (Phil Murphy)، گورنر
تہیشا ایل وے (Tahesha L. Way)،
لیفٹیننٹ گورنر

NJFC-ANTIF-URDU-1223